
# AL-QASIM AGRO ENGINEERING

# GREEN SUPER SEEDER GUIDE

AL-QASIM

100% ORIGINAL PREMIUM PRODUCT BEST QUALITY



***Empowering* Agriculture *with Precision Innovation, and Reliability.***

**ISO 9001,14001 & 45001 CERTIFIED MANUFACTURING INDUSTRY.**

www.alqasimagroeng.com

# WHO
# WE ARE

**“Al-Qasim Agro Engineering”** a leading agricultural machinery manufacturing Industry, established in 2000, is positioned as a full-fledged international manufacturing expert with a world-class standard at heart.
Our mission is to offering sustainable, innovative equipment’s that makes the agricultural field is piece of cake. As per market need, we assure that these are environment friendly & convenient. The industry’s top R&D infrastructure and the nation’s largest sales and technology service network are the driving force for protecting our agricultural industry and farming districts.





C.E.O
Mr. Muhammad
Amjad Mughal

# CEO Message

**Al-Qasim Agro Engineering** has focused on operating responsibly, rooted in our core values of quality, integrity, teamwork, and stewardship. This focus has kept us grounded and guides us in making the best decisions for our best decisions for our associates, farm and ranch partners, communities, consumers, and our planet. Based on experience and expertise, we are working hard to improve the competitiveness of domestic agriculture and to add high value to products. Al-Qasim Agro Engineering will continue to be the true partner of farmers that always think and act from the perspective of customers. We will concentrate on developing the best products and solutions filled with differentiated customer values.

We will leap forward to become a global Agricultural Implements manufacturing company that goes beyond the borders of Pakistan and competes in the global arena.

# Govt. Subsidy Schemes

Govt. Subsidy Schemes under Brand Name Ranjha Construction & Precasting and Al-Qasim Agro Engineering.

**Phase I & II.**
In super seeder subsidy scheme phase 1 Al-Qasim Agro Engineering delivered **320+** and in phase 2 Al-Qasim Agro Engineering delivered 500+ Machines.

1

**Phase I & II.**

**Super Seeder Subsidy Scheme Phase I & II.**


2

**Other Projects.**

**Many other on-going projects with government & Private Corporations**

**Other Projects**
Al-Qasim Agro Engineering is working on many other projects with government and private corporations, i.e. delivering Rotavators, Laser Land Levelers etc.

# Manufacturing Process



# Commitment to Quality

## Uncompromising Standards

Every implement we produce undergoes rigorous quality checks to ensure unmatched reliability and durability in the field.

## Premium Materials

We source the finest materials to craft machinery that stands the test of time and delivers peak performance.

## Precision Engineering

Our advanced manufacturing processes and skilled craftsmanship guarantee precision and consistent quality in every product.

## Customer Satisfaction

Our dedication to quality ensures that our customers receive implements that exceed their expectations and optimize their agricultural operations.

# CERTIFICATIONS AND AFFILIATIONS

The Gujranwala Chamber of Commerce & Industry
گوجرانوالہ ایوانِ صنعت و تجارت


CERTIFICATE

*This is to certify that the Quality Management System of*

**Al-Qasim Agro Engineering.**

Tatle ale Road Nowshera virkan Dist. Gujranwala, Punjab Pakistan

*has been assessed and found to conform to the requirements of*

**ISO 9001:2015**

*This Certificate is valid for the following scope*

**Manufacturar of Standard Agriculture Machinery**

| | |
|---|---|
| Certificate No. | :AMER24513 |
| Original Issue Date | :10/02/2025 |
| Issue Date | :10/02/2025 R0 |
| Surveillance /Expiry Date | :09/02/2026 |
| Recertification Date | :09/02/2028 |

*Director*

AMERICO QUALITY STANDARDS REGISTECH PVT. LTD

Accredited by UAF, 1060 Laskin Rd, Suite: 12B/13B,Virginia Beach VA 23451, USA


CERTIFICATE

*This is to certify that the Environmental Management System of*

**Al-Qasim Agro Engineering.**

Tatle ale Road Nowshera virkan Dist. Gujranwala, Punjab Pakistan

*has been assessed and found to conform to the requirements of*

**ISO 14001:2015**

*This Certificate is valid for the following scope*

**Manufacturar of Standard Agriculture Machinery**

| | |
|---|---|
| Certificate No. | :AMER24514 |
| Original Issue Date | :10/02/2025 |
| Issue Date | :10/02/2025 R0 |
| Surveillance /Expiry Date | :09/02/2026 |
| Recertification Date | :09/02/2028 |

*Director*

AMERICO QUALITY STANDARDS REGISTECH PVT. LTD

Accredited by UAF, 1060 Laskin Rd, Suite: 12B/13B,Virginia Beach VA 23451, USA


CERTIFICATE

*This is to certify that the Occupational Health and Safety Management System of*

**Al-Qasim Agro Engineering.**

Tatle ale Road Nowshera virkan Dist. Gujranwala, Punjab Pakistan

*has been assessed and found to conform to the requirements of*

**ISO 45001:2018**

*This Certificate is valid for the following scope*

**Manufacturar of Standard Agriculture Machinery**

| | |
|---|---|
| Certificate No. | :AMER24515 |
| Original Issue Date | :10/02/2025 |
| Issue Date | :10/02/2025 R0 |
| Surveillance /Expiry Date | :09/02/2026 |
| Recertification Date | :09/02/2028 |

*Director*

AMERICO QUALITY STANDARDS REGISTECH PVT. LTD


Accredited by UAF, 1060 Laskin Rd, Suite: 12B/13B,Virginia Beach VA 23451, USA

INTELLECTUAL PROPERTY ORGANISATION IPO PAKISTAN

PAKISTAN ENGINEERING COUNCIL

# SUPER SEEDER

# سُپر سیڈر



## Features & Benefits

- Al-Qasim Rice Puddler saves the time and diesel by 50%.
- It saves water and increases production due to better field preparation.
- Front tines dig the soil, the puddler puddles the soil and the trailing board keeps the soil in the level.
- It needs only one cycle in field to gain best quality rice puddling.
  As there is no PTO shaft, there is no load on tractor.
- It takes 20-25 minutes to prepare one acre to Cultivate rice.

- القاسم رائس پڈلر وقت اور ڈیزل کی 50 فیصد بچت کرتا ہے۔
- یہ پانی کی بچت کرتا ہے اور کھیت کی بہتر تیاری کی وجہ سے پیداوار میں اضافہ کرتا ہے۔
- اگلے ٹائنز مٹی کو کھودتے ہیں، پڈلر مٹی کو ڈھیلا کرتا ہے اور پچھلا حصہ مٹی کی سطح کو ہموار کرتا ہے۔
- کھیت میں پڈلر کے صرف ایک چکر سے چاولوں کی اچھی کوالٹی اور بہتر پیداوار حاصل کی جاسکتی ہے۔
- چونکہ پی-ٹی-او شافٹ نہیں ہے، لہذا ٹریکٹر پر بوجھ کا باعث نہیں بنتا۔
  چاول کی کاشت کے لیے ایک ایکڑ کی تیاری میں بیس سے پچیس منٹ لگتے ہیں۔

# SUPER SEEDER
## SPECIFICATIONS


| Model | ALQ-SS-05 |
|---|---|
| Working Width | 2000mm |
| Tractor Power (HP) | 75/65 |
| No. of Blades | 54/60 |
| Type of Blade | LJF Type |
| Thickness of Blade(mm) | 7mm |
| Gear Box | Multispeed 13/25 |
| Side Drive | Gear Drive<br>$\frac{23/25/36}{17*19}$ $OR$ $\frac{22/25/36}{18*19}$ |
| Seed & Fertilizer Mechanism | Nylon Roller Type |
| Press Roller | Available |
| No. of Tynes | 11/13 |
| Weight (Kg. Approx.) | 1025 |
| Side Gear Oil Capacity | 3.5 Liter |
| Main Gear Oil Capacity | 4 Liter |



# سُپر سیڈر چلانے کے دوران ہدایات:




- سُپر سیڈر چلانے کے دوران ڈھیلے ڈھالے کپڑوں یا مفلر وغیرہ کا استعمال نہ کریں۔
- سُپر سیڈر کی بہترین پرفارمنس کیلئے بوائی کے دوران ٹریکٹر کے چھوٹے سے چھوٹے گیئر کا استعمال کریں۔
- گندم کی بہترین بوائی کیلئے ٹریکٹر کی رفتار 4 سے 5 کلومیٹر فی گھنٹہ ہونی چاہیے۔
- بچوں اور عام لوگوں کو سپر سیڈر کے استعمال کے وقت اس کے قریب نہ آنے دیں۔
- سُپر سیڈر کی اچھی پرفارمنس کے لیے ٹریکٹر کے RPM کو 1800 پر ایڈجسٹ کریں۔



- سُپر سیڈر کی بہترین پرفارمنس کیلئے اس کا استعمال نمی والی زمین یا وتر والی زمین میں کریں
- دھان کی کٹائی کیلئے ایسی ہارویسٹر کا استعمال کریں جو کٹائی کے ساتھ ساتھ اس کی باقیات کو بھی کرش کرے
- ٹینکی میں ایسی کھاد ڈالنے سے گریز کریں جو ڈھیلوں کی شکل میں موجود ہو ایسی کھاد کو کرش کر کے ٹینکی میں ڈالیں
- ایک ایکٹر بوائی کے بعد روٹاویٹر بلیڈ (پھالوں) کے نٹ بولٹ 22 نمبر لازماً چیک کریں اور لوز ہونے کی صورت میں ان کو ٹائیٹ کر لیں۔
- چلانے سے پہلے تمام قسم کے نٹ بولٹ (13،17،19،22،24) کو لازمی چیک کر لیں۔

- ایک ایکڑ بوائی کے بعد سپر سیڈر کے پیچھے دیئے گئے کولٹر ڈسک کے 11/12 سیٹ کے نٹ بولٹ (19 نمبر) اور (17 نمبر) جو چورس پائپ کے ساتھ لگائے گئے ہیں ان کو ٹائیٹ کر لیں

- دونوں سائڈوں پر روٹاویٹر کے بلیڈ (پھالوں) والی شافٹ کی ہب کے ساتھ منسلک پلیٹ کے قابلے (22 نمبر) گوٹی راڈ کی مدد سے ٹائیٹ کریں ان کو وقتاً فوقتاً چیک کرتے رہیں۔

- ٹریکٹر کی لنکس کا سنگل ٹائیٹ ہونا ضروری ہے ٹریکٹر کے ٹائروں سے لنکس کا فاصلہ برابر ہونا چاہیئے۔ اور دونوں لنکس کی زمین سے اونچائی ایک جیسی ہونی چاہیئے۔

- سُپر سیڈر کو ٹریکٹر کے ساتھ منسلک ہونے کے بعد بالکل سیدھا ہونا چاہیئے۔ نہ آگے کی طرف جھکاؤ ہو نہ پیچھے کی طرف جھکاؤ ہو۔ اگر سپر سیڈر کا آگے کی طرف جھکاؤ ہو گا تو ٹریکٹر زیادہ لوڈ محسوس کرے گا۔ اور اگر سُپر سیڈر کا جھکاؤ پیچھے کی طرف ہو گا تو بیج زیادہ گہرائی میں جا سکتا ہے۔



# سُپر سیڈر چلانے سے پہلے کی ہدایات:

- سُپر سیڈر کی بہترین پر فارمنس کیلئے ٹریکٹر کے آگے 200/250 کلو گرام وزن کا ہونا نہایت ضروری ہے۔
- سُپر سیڈر کے استعمال کے دوران ٹریکٹر کی ٹاپ لنک کا ایڈ جسٹ ایبل ہونا نہایت ضروری ہے۔
- سُپر سیڈر کو دوسری لائن میں منتقل کرنے سے پہلے کراس شافٹ PTO کو بند کریں اور دوسری لائن میں منتقل کریں ورنہ کراس شافٹ ٹوٹ سکتی ہے۔
- PTO شافٹ کے بیرنگ کو استعمال سے پہلے گریس کر لیں۔
- سُپر سیڈر چلانے سے پہلے مین گیئر اور دونوں سائیڈ کے گیئر کا آئل لازمی چیک کریں۔
- سُپر سیڈر کی ایک سائڈ پر دیئے گئے تمام 60 نمبر چین (3 عدد) کو گریس لگائیں اور یہ تمام لوز نہیں ہونے چاہیئے۔ بصورت دیگر ان کو ایڈ جسٹر کی مدد سے مناسب ٹائیٹ کر لیں۔



# بیج اور کھاد پر مٹی پر ڈالنے والا چھوٹا گول رولر:

- سب سے پیچھے دیا گیا چھوٹا رولر جو دو شاکس کی مدد سے سُپرسیڈر کے ساتھ منسلک ہے یہ چھوٹا رولر بیج اور کھاد پر مٹی ڈالنے کیلئے استعمال ہوتا ہے کھاد اور بیج کے اوپر پڑنے والی مٹی کے دباؤ کو ساتھ لگے بیرنگ شاکس کی مدد سے کم یا زیادہ کیا جا سکتا ہے چھوٹے رولر کو مٹی سے صاف رکھنے کیلئے اس کے اوپر ایک ایڈجسٹ ایبل بلیڈ دیا گیا ہے رولر کی صفائی کیلئے اس بلیڈ کو ضرورت کے مطابق ایڈجسٹ کیا جا سکتا ہے۔



# چھوٹا گیئر یا بڑا پریس رولر گیئر:


- سُپر سیڈر کے بلیڈ (پھالوں) کے پیچھے کی طرف دیا گیا بڑا گول رولر جو سُپر سیڈر کی سائڈ پر دیئے گئے علیحدہ چھوٹے گیئر سے چلایا جاتا ہے۔اس کا کام بلیڈ یا پھالوں سے کھودی گئی مٹی کو ہموار کرنا ہے چھوٹا گیئر 60 نمبر چین کی مدد سے پریس رولر کو چلاتا ہے سُپر سیڈر کے استعمال کے دوران اس چین کو مناسب ٹائیٹ رکھنا اور گریس لگانا ضروری ہے۔پریس رولر کی دونوں سائڈ پر موجود بیرنگ براکٹ (F 209) کے بولٹ کو وقتاً فوقتاً چیک کرتے رہیں
- نوٹ:

پریس رولر کو چلانے والے چھوٹے گیئر میں بہترین گریس کا استعمال کیا گیا ہے دوران سیزن دوبارہ تیل یا گریس ڈالنے کی ضرورت نہیں ہے۔



# مین گیئر :

- سُپر سیڈ میں ملٹی گئیر کا استعمال کیا گیا ہے عموماً گئیر کی سیٹنگ MF 385 ٹریکٹر کے PTO RPM مطابق کی جاتی ہے گئیر کے RPM کو مزید کم یا زیادہ کرنے کے لیے گئیر کے پیچھے کی طرف ایک پلیٹ کو کھولنے کے بعد اندر چار قسم کے گئیر استعمال کئے گئے ہیں جس میں 18،19 اور 17،19 گئیر لگائے جاتے ہے
- دوران استعمال اگر آپ RPM اور زیادہ کرنا چاہیں تو پچھلی پلیٹ کو کھولنے کے بعد دندے والی گراری کو PTO شافٹ کی طرف لگادیں اور اس کے دوسری طرف میں جو بھی گراری ہو 18 یا 19 دندے والی وہ لگادیں زیادہ ہو جائیں گے



- نوٹ :

فیٹ ٹریکٹر، دبنگ ٹریکٹر، بائیلارس ٹریکٹر سے استعمال کرنے کے لیے PTO سائیڈ میں دندے والی گراری کا استعمال بہترین پرفارمنس دیگا

# سائڈ سکڈ (سپر سیڈر پیر):

- سُپر سیڈر کے دونوں اطراف نیچے کی جانب دو بلیک رنگ کے سائڈ سکڈ (پیر) دیئے گئے ہیں جن کو ضرورت کے مطابق اوپر نیچے ایڈ جسٹ کیا جا سکتا ہے۔ سپر سیڈر کے بلیڈ (پھالوں) کی زمین میں گہرائی کو چار انچ کرنے کیلیئے سکڈ کی ایڈ جسٹ منٹ سنٹر پوائنٹ پر کریں۔
- نوٹ:

کھیت میں بھوسہ یا پرالی زیادہ ہونے کی صورت میں ہی سائیڈ کولٹر ڈسک اور سکڈز (پیر) کے درمیان پھنس جاتی ہے ایسی صورت میں دونوں سائیڈ سکڈز (پیر) کو سُپر سیڈر سے علیحدہ کر کے پھر سُپر سیڈر کو استعمال کریں۔








# سائڈ کولٹر ڈسک:

- سُپر سیڈر کے دونوں اطراف میں 2 عدد کولٹر ڈسک لگائی گئی ہیں جو سُپر سیڈر کی پرفارمنس کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ دھان کی باقیات کو سائڈ پر اکٹھا ہونے سے روکتی ہیں دونوں سائڈ پر موجود بلیک رنگ کی کولٹر ڈسک کو ضرورت کے مطابق ایڈجسٹ کرنے کی سہولت موجود ہے۔





# کولٹر ڈسک:

- کولٹر ڈسک بیج اور کھاد کی منتقلی کیلئے زمین کو تیار کرتی ہے سُپر سیڈر میں 11/12 سیٹ کولٹر ڈسک کے موجود ہیں پلاسٹک پائپ کے ذریعے آنے والے بیج اور کھاد کولٹر ڈسک کے ذریعے زمین مین منتقل ہوتے ہیں۔ زمین کے اندر بیج اور کھاد کی گہرائی کو کولٹر ڈسک کے ایڈجسٹ ایبل فریم کے ذریعے کم یا زیادہ کیا جا سکتا ہے۔ گندم کی بوائی کے دوران جب بھی ٹریکٹر کو موڑا جائے تو سُپر سیڈر کو زمین سے اوپر اٹھالیں ورنہ کولٹر ڈسک کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔


# ڈرائیو وہیل:

- یہ وہیل بیج اور کھاد کو زمین میں منتقل کرنے کیلیئے ٹریکٹر کی سپیڈ کے ساتھ خود بخود چلتا ہے ٹریکٹر کی سپیڈ بڑھانے یا کم کرنے سے وہیل کی سپیڈ بھی خود بخود کم یا زیادہ ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے کھاد اور بیج کی ایک جیسی مقدار زمین میں منتقل ہوتی رہتی ہے۔
- سُپرسیڈر چلانے سے پہلے وہیل کے ساتھ دیئے گئے لیور کی مدد سے اس کو زمین پر رکھیں ڈرائیو وہیل کے ساتھ منسلک چین کو صاف کرنے کے ساتھ ساتھ مناسب مقدار میں گریس لگائیں چین لوز ہونے کی صورت میں دی گئی ایڈجسٹ کی مدد سے اس کو مناسب ٹائیٹ کر لیں۔
- نوٹ:

سُپرسیڈر کو چلاتے وقت سیدھا چلائیں دوسری لائن میں بوائی شروع کرنے سے پہلے سُپرسیڈ کی PTO شافٹ کو بند کریں اور زمین سے 8 انچ اوپر اٹھا کر دوسری لائن میں منتقل کریں ورنہ ڈارئیو وہیل ٹیڑھا ہو سکتا ہے۔



# کھاد، بیج ایڈجسٹر:





- ٹینکی کے ساتھ بیج اور کھاد کی مقدار کو کنٹرول کرنے کے دو بہترین ایڈجسٹر دیئے گئے ہیں یہ گول نما ایڈجسٹر ہیں جن پر 1 سے 10 تک نمبر دیئے گئے ہیں۔ بیج اور کھاد کو ایڈجسٹ کرنے سے پہلے دونوں ایڈجسٹر کو اینٹی کلاک وائز گھما کر مکمل بند کر لیں۔ ایڈجسٹر کو ایک مکمل چکر کلاک وائز گھمانے سے 10 کلو بیج اور کھاد زمین میں ٹرانسفر کیا جا سکتا ہے۔ اور ایک نمبر بڑھانے یا کم کرنے سے ایک کلو کا اضافہ یا کمی ہوتی ہے۔
- مثال:

ایک کسان ایک ایکڑ میں 40 کلو کھاد اور 40 کلو بیج ڈالنا چاہتا ہے تو وہ دونوں ایڈجسٹر کو کلاک وائز سمت میں چار چار مکمل چکر گھمائے گا۔ جس سے 40 کلو کھاد اور 40 کلو بیج زمین میں منتقل ہوں گے۔

# ٹینکی:


- ٹینکی کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے ٹریکٹر سائڈ والا حصہ کھاد کیلئے مختص ہے اور پیچھے والا حصہ بیج کیلئے مختص کیا گیا ہے دونوں حصوں میں 80 کلو بیج اور 80 کلو کھاد کو علیحدہ علیحدہ ڈالا جا سکتا ہے۔
کھاد والے حصے میں ڈی اے پی کھاد کا استعمال کیا جائے اس کے علاوہ کوئی اور ایسی کھاد یا کھادوں کا مکسچر جو مائع میں تبدیل ہو جاتا ہے ان کا استعمال منع ہے ورنہ سپر سیڈر کی کھاد کو چلانے والی گراری جام ہو سکتی ہے۔
- ٹینکی سے بیج اور کھاد پائپوں کے ذریعے کولٹر ڈسک تک پہنچتی ہے ان پائپوں کو لوز نہ ہونے دیں ان کے کلمپ کو چیک کرتے رہیں اور کلمپ لوز ہونے کی صورت میں ان کو ٹائیٹ کر دیں۔



# سُپر سیڈر کے اہم حصے :




- ٹینکی
- کھاد، بیج ایڈ جسٹر
- ڈرائیو وہیل
- کولٹر ڈسک
- سائڈ سکڈ (سائڈ پیر)۔
- سُپر سیڈر مین گیئر
- چھوٹا گیئر یا پریس رولر گیئر
- چھوٹا رولر



# سُپر سیڈر کے فوائد:

- سُپر سیڈر ماحول دوست مشین ہےاس کی وجہ سے کسان دھان کی باقیات کو جلائےبغیر گندم کی بوائی کر سکتے ہیں۔جس سے ماحولیاتی آلودگی میں کمی ہوتی ہے۔
- بیج اور کھاد کی زمین میں ایک ہی جگہ اور ایک ہی وقت مناسب گہرائی میں منتقلی سے 8تا10 من فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے۔
- سُپر سیڈر سے فصل کی بوائی کے دوران بیج اور کھاد کا ضیاع نہیں ہوتاجس کی وجہ سے کم مقدار کو استعمال کرکے زیادہ پیداوار حاصل ہوتی ہے۔
- باسمتی چاول جو ایک طویل مدتی فصل ہے اس کی کٹائی کے بعد سُپر سیڈر کی مدد سے گندم کی بروقت کاشت کو ممکن بنایاجاسکتا ہے۔
- دھان کی باقیات کو زمین میں دبانے سے یہ آرگینک کھادمیں تبدیل ہو جاتی ہے اس وجہ سےدوسری کھادوں کا کم استعمال ہوتاہے اور پیسوں کی یقینی بچت ہوتی ہے۔
- گندم کی بوائی کیلیئے کم وقت درکار ہوتا ہے جس سے ایندھن اور مزدوری کے اخراجات میں خاطرخواہ کمی ہوتی ہے۔
- دھان کی کٹائی والی زمین میں نمی موجود ہوتی ہے۔ سُپر سیڈر سے بوائی کی وجہ سے آبپاشی کے اخراجات کمی ہوتی ہے۔




# سُپر سیڈر کا تعارف:

- گندم کی بوائی کیلئے استعمال ہونے والی مشین ہے جو ٹریکٹر PTO کے ساتھ چلتی ہے یہ مشین دھان کی باقیات کو کرش کر کے مٹی کے نیچے دبانے کے ساتھ ساتھ بیج اور کھاد کو بھی بیک وقت زمین میں مناسب گہرائی تک منتقل کرتی ہے بیج اور کھاد کے اوپر گرنے والی مٹی نرم ہونے کی وجہ سے بیج کا اگاؤ کم وقت میں ممکن ہوتا ہے جس سے زیادہ پیدا وار حاصل ہوتی ہے۔

AL-QASIM

# القاسم ایگرو انجینئرنگ

## گرین سُپر سیڈ گائیڈ بک

QUALITY Product
BEST CHOICE
GUARANTEED




Scan me!


Al-Qasim Agro Engineering

info@alqasimagroeng.com

www.alqasimagroeng.com

+92 300-1032949
+92 345-8452243
+92 300-1225022

ایڈریس: تتلے عالی روڈ نزد ڈی ایس پی آفس نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ